# Telephone Conversation between PM and King of the Kingdom of Bahrain

April 06, 2020

---

## وزیر اعظم اور بحرین کے بادشاہ کے مابین ٹیلی فون پر گفتگو

06 اپریل، 2020

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج بحرین کے بادشاہ، جلالت مآب حماد بن عیسیٰ آل خلیفہ کے ساتھ ٹیلیفون پر بات چیت کی۔

دونوں رہنماؤں نے جاری کووڈ 19 سے متعلق صحت کے بحران اور اس کے اثرات پر تبادلہ خیال کیا، جس میں لوجسٹیکس چین اور مالیاتی بازار شامل ہیں۔

جلالت مآب بادشاہ نے موجودہ صحت کے بحران کے دوران وزیر اعظم کو بحرین میں ایک بڑی ہندوستانی برادری کی فلاح وبہبود کے لئے اپنی ذاتی توجہ کا یقین دلایا۔ وزیر اعظم نے ہندوستانی ڈاسپورا کی دیکھ بھال اور پیار کے لئے بحرین کے حکام کے تئیں اپنی دلی خوشی کا اظہار کیا۔

رہنماؤں نے اتفاق کیا کہ ان کے عہدیداران باقاعدہ رابطے میں رہیں گے اور کووڈ 19 کے چیلنجوں سے نمٹنے کے لئے ایک دوسرے کو ہر ممکن مدد فراہم کریں گے۔

وزیر اعظم نے جلالت مآب بادشاہ کو آگاہ کیا کہ ہندوستان بحرین کو اپنے بڑھتے ہوئے پڑوس کا ایک اہم حصہ سمجھتا ہے۔ انہوں نے پچھلے سال بحرین کے اپنے دورے کو بھی گرم جوشی سے یاد کیا۔

**نئی دہلی**

**06 اپریل، 2020**

DISCLAIMER : This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.